راہ سعادت | ترجمہ: "حسن الافادہ الیٰ طریق السعادۃ" مؤلف: فضیلۃ الشیخ عبداللہ سلیمان بن حمید (سعودی عرب)۔ مترجم: حافظ عبدالرحمٰن نعیم۔ ناشر: سبحانی اکیڈمی - ۱۹- اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۸۰ قیمت: ۸/- روپے۔

یہ ایک دعوتی و اصلاحی رسالہ ہے جس میں ایک ایک خرابی کے ازالے اور خوبی کے قیام کے لیے آیاتِ قرآن سے، اور زیادہ تر احادیث پاک سے روشنی لی گئی ہے۔ اس روشنی کی مدد سے لوگ راہ سعادت کو پا سکتے ہیں۔

آخر میں ایک حصہ عطیہ چشم کی بحث سے متعلق ممتاز علماء کے فتاویٰ پر مشتمل ہے جسے مترجم نے مرتب کیا ہے۔

پیغام و دعوت اور اُمتِ مسلمہ کی ذمہ داری | از محمد شریف قاضی ساکن بھنڈ گراں ضلع گجرات۔ ملنے کا پتہ: ظفر بک ایجنسی، محلہ فیض آباد (بالمقابل مسجد) سرگودھا روڈ گجرات پاکستان۔ صفحات ۵۵ قیمت ۶/- روپے۔

یہ ایک تبلیغی و اصلاحی رسالہ ہے۔ مؤلف "صدارتی ایوارڈ" یافتہ ہیں۔ انھوں نے ابتداً توحید و عبادت پر بحث کرنے کے بعد حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مختلف ابواب سیرت کی روشنی میں زندگی کے متعدد انفرادی و اجتماعی مسائل کے لیے رہنمائی بہم پہنچائی ہے۔

ثانی اثنین | مصنف: مولوی محمد عبدالحلیم شرر۔ ناشر: مکتبہ اہل سنت و جماعۃ کراچی - ۳۸۶ قائم آباد لیاقت آباد کراچی ۱۹۔ صفحات: ۹۵۔ قیمت ۸/- روپے

اس مختصر کتاب کو جب میں حضرت سیدنا صدیق اکبر کے متعلق مولانا سعید احمد اکبر آبادی کی جامع اور ضخیم کتاب کے سامنے رکھ کے دیکھتا ہوں تو حیرت ہوتی ہے کہ شرر کی کتاب اگرچہ ضخیم نہیں، جامع پھر بھی ہے۔

مولانا عبدالحلیم شرر کی شخصیت آج کے تعلیم یافتہ طبقہ کی اکثریت خصوصاً نوجوانوں کے لیے مبہم سی ہو کر رہ گئی ہے۔ لے دے کے وہ ایک ناول نگار کی حیثیت سے جانے گئے، مگر خود اس فن